کووِڈ-19 کے دوران K سے 12 کی تعلیم

تعلیمی سال 2020-21ء کے دوران طلباء کیلئے رہنمائی اور منصوبے۔

عمومی جائزہ

لازمی پابندی - صوبے بھر میں - 30 نومبر سے آغاز ہو رہا ہے

گریڈز 7-12 کے طلباء

- موسم سرما کی تعطیلات کے علاوہ، 30 نومبر سے 8 جنوری تک گھر پر سیکھنے کی طرف منتقل ہوں*
- 11 جنوری کو ذاتی طور پر (in-person) کلاسیں دوبارہ شروع کریں
- اسکول کے باقی سال کیلئے ڈپلومہ امتحانات اختیاری ہیں۔ طلباء اور ان کے اہلِ خانہ انتخاب کر سکتے ہیں کہ آیا امتحان دیں یا جنوری، اپریل، جون اور اگست 2021ء کے امتحانات سے اِستَثنا حاصل کریں۔

گریڈز K-6 کے طلباء

- اس میں ابتدائی بچپن کی خدمات شامل ہیں
- شیڈول شدہ موسم سرما کی تعطیلات تک ان کی ذاتی طور پر تعلیم جاری رکھیں (عام طور پر 18 دسمبر*)
- موسم سرما کی تعطیلات کے بعد 8 جنوری تک گھر پر سیکھنے کی طرف منتقل ہوں
- 11 جنوری کو ذاتی طور پر کلاسیں دوبارہ شروع کریں

* اسکولوں میں موسم سرما کی تعطیلات کے مختلف شیڈول ہوتے ہیں، تفصیلات کیلئے اپنے اسکول سے رجوع کریں۔

معذوری والے طلباء اورآؤٹ رِیچ (outreach) پروگراموں میں معاونت کرنا

معذوری والے تمام طلباء جنہیں کسی بھی گریڈ میں مدد اورخدمات کی ضرورت ہوتی ہے جن کی ضروریات گھرپر سیکھنے کے ذریعے پوری نہیں کی جاسکتیں اور آؤٹ رِیچ پروگراموں میں طلباء ذاتی طورپر اسکول میں مدد اور خدمات حاصل کرنا جاری رکھ سکتے ہیں، قطع نظر اس کے کہ وہ موسم سرما کی تعطیلات سے پہلے اوربعد گھرپر سیکھنے کی طرف منتقل ہوں۔

- ذاتی طورپر سیکھنے کی یہ چُھوٹ چیف میڈیکل آفیسرآف ہیلتھ کے مشورے کی بنیاد پرتھی۔
- والدین کے مشورے سے، اسکولوں سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ معذوری والے طلباء کووہ خدمات اورمدد فراہم کرنا جاری رکھیں جن کی ان کو ضرورت ہے۔
- والدین کواپنے استاد اوراسکول کے پرنسپل سے مناسب انتظامات کے بارے میں مِل کرکام کرنا چاہئے۔

اسکول کے عملے کیلئے کام کے انتظامات

بحیثیت ایمپلائر، مقامی اسکول کے حکام، اسکول کے عملے کے اسکول میں کام جاری رکھنے یا گھرسے کام کرنے کے متعلق فیصلے کرنے کے ذمہ دارہیں۔

اسکول کے حکام کے فیصلوں اورطریق کارکوپیشہ ورانہ صحت اورحفاظت کے ساتھ ساتھ صحت کے صوبائی اقدامات پربھی لازماً عمل کرنا جاری رکھنا چاہئے۔